# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

## شعبہ قرآن وتفسیر

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس کا نام: تجوید القرآن (TFSR-101)** **سمسٹر: خزاں 2026ء**

**سطح: سرٹیفکیٹ کورس**

### ہدایت نامہ برائے طلباء

**بی ایس علوم اسلامیہ (ODL موڈ)**

**عزیز طلبہ !السلام علیکم**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ نمبر: 1 تا 5)

**کل نمبر: 100** **کامیابی کے نمبر: 50**

سوال نمبر 1۔ لحن جلی اور لحنِ خفی سے کیا مراد ہے؟ تجوید کے ارکان اور اس کا فائدہ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ مخارج حروف کا مفہوم و مقامات اور منہ کے حصوں اور ان سے نکلنے والے حروف کی وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ جمع قرآن و عظمت قرآن بیان کرتے ہوئے قرآن مجید کی خصوصیات تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ صفات کی معروف اقسام (صفات عارضہ، صفات لازمہ) اور حروف مستعلیہ کی ادائیگی کا طریقہ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ نون ساکن و تنوین کے قواعد بیان کرتے ہوئے میم ساکن کے احکام و قواعد بیان کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ نمبر: 6 تا 9)

**کل نمبر: 100** **کامیابی کے نمبر: 50**

سوال نمبر 1۔ حروف قلقلہ سے کیا مراد ہے؟ حروف قلقلہ کی شرائط اور ان کا عمل تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ محل کے اعتبار سے اور کیفیت کے اعتبار سے وقف کی اقسام تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ راء (ر) کے تفخیمی، ترقیقی اور مختلف فیہ احکام تحریر کرتے ہوئے نون اور میم مشدد کے احکام تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ مراتب علم قراءات بیان کرتے ہوئے علم قراءات کے ارکان کی وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ قرآن مجید کو تجوید کے ساتھ پڑھنا اور علم قراءات سیکھنا کیوں ضروری ہے؟ وضاحت کیجئے۔ (20)